شدید گرمی سے دو ہوم گارڈوں کی حالت بگڑی، بھرتی

پانی نہ سایا بگڑ رہی ٹریفک پولیس ہوم گارڈوں کی حالت

بریلی (ایس این بی) شدید گرمی میں پانی و چھائے کا کوئی معقوم انتظام نہ ہونے کی وجہ سے شہر میں ڈیوٹی پر تعینات ہوم گارڈ کی طبیعت گرمی کی وجہ سے بگڑ گئی۔ ان کے ساتھیوں نے آناً فاناً میں ضلع اسپتال میں بھرتی کرایا۔ ضلع سپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں دونوں ہوم گارڈ کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ ایس پی ٹریفک ان کی خیر لینے اسپتال پہنچے۔ شدید گرمی میں شائد ان کا ایئر کنڈیشنر ماحول انھیں روم کے باہر نکلنے سے روکتا ہوگا۔ فی الحال تھانہ بھمورا گاؤں بھانپور کے 45 سالہ رمیش ہوم گارڈ کی جی آر ایم اسکول کے پاس وہیں دوسرے ساتھی کی کینٹ تھانہ علاقہ کے چھٹی کے 50 سالہ رام پرتاپ کی ڈیوٹی بہاری پور ڈھال کے پاس تھی تبھی اچانک دونوں ہوم گارڈ کی ہیٹ اسٹروک سے طبیعت بگڑی۔ ڈاکٹر کے ذریعہ دونوں ہوم گارڈ کا ایمرجنسی وارڈ میں علاج کیا جا رہا ہے۔ اسٹاف نے ہوم گارڈ کے کنبہ کو اطلاع دے کر جانکاری دی۔ وہیں اعلیٰ افسران کو بھی اس کی اطلاع دی گئی ہے۔

5856 اسسٹنٹ ٹیچروں کو آن لائن الاٹ کیا جائے گا اسکول

پریاگ راج (ایس این بی) سرکاری پرائمری اسکولوں میں 12460 اسسٹنٹ ٹیچر بھرتی کے تحت تقرری پانے والے 5856 اسسٹنٹ ٹیچروں کو جمعرات سے آن لائن کے ذریعہ اسکول الاٹ کیا جائے گا۔ اسکول الاٹمنٹ کی عمل آوری 29 جون تک مکمل ہوگی۔ بیسک تعلیم بورڈ کے سکریٹری سریندر کمار تیواری نے اسکول الاٹمنٹ کے سلسلہ میں بیسک تعلیم افسران کو ہدایت جاری کیا ہے۔ سفر ضلع تنازعہ کا نمپٹارہ ہونے کے بعد خالی 6470 عہدوں پر تقرری کیلئے ہائی کورٹ کے حکم پر اضلاع میں 30 دسمبر اور 7 جنوری کو 1796 و 4060 کل 5856 تقرری نامہ تقسیم کئے گئے تھے۔ سپریم کورٹ کے حکم پر اب اسکول الاٹمنٹ کیا جائے گا۔ جن 51 اضلاع میں پوسٹنگ ہونی ہے ان میں فروز آباد، مین پوری، علی گڑھ، ایٹہ، کاس گنج، ہاتھرس، متھرا، بدایوں، پیلی بھیت، فتح پور، پرتاپ گڑھ، کوشامبی، وارانسی، چندولی، جونپور، مرزا پور، سون بھدر، بھدوہی، ہردوئی، سیتاپور، رائے بریلی، اناؤ، دیوریا، کشی نگر، مہراج گنج بستی، سدھارتھ نگر، للت پور، جالون، چترکوٹ، باندہ، مہوبہ، ہمیر پور، اجودھیا، بارہ بنکی، سلطانپور، امیٹھی، امبیڈکر نگر، گونڈہ، بلرام پور، بہرائچ، شراوستی، رام پور، بجنور، امروہا، کانپور دیہات، اوریا، فرخ آباد، قنوج، بلیا و شاملی شامل ہیں۔

مختصر خبریں

راہل گاندھی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی اپیل

بریلی (ایس این بی) خصوصی ایم پی / ایم ایل اے کورٹ / اے. جی جے ایم / اڈیشنل سول جج (سی ڈی (عدالت نمبر 2 بریلی نے کانگریس نے سینئر لیڈر اور ایم پی راہل گاندھی کے خلاف بار کے سابق صدر نل دویدی کے ذریعہ دائر (3)156 کے تحت انسپکٹر کوتوالی کو 4 جولائی کو عدالت میں پیش ہونے کو کہا ہے۔ معلوم ہو کہ تھانہ سبھاش نگر حلقہ کے بدایوں روڈ درگا پاٹھک بھون کے پنکج کمار پاٹھک ولد آنجہانی راجا رام شرما کے ذریعہ کانگریس ایم پی راہل گاندھی کے انتخابی بیان پر مقدمہ درج کرانے کیلئے (3)156 کی درخواست سینئر وکیل انل دویدی کے توسط سے عدالت میں داخل کر کے مقدمہ درج کرانے کی اپیل کی جس پر عدالت نے 4 جولائی کو انسپکٹر کوتوالی سے رپورٹ مانگی ہے۔

شہریار جلالپوری مرزا غالب انٹر کالج کے منیجر منتخب

جلالپور، امبیڈکر نگر (پریس ریلیز) پدمشری انور جلالپوری کے ذریعے قائم شدہ مرزا غالب انٹر کالج کے انتظامیہ کمیٹی کے ذریعے کالج کے صدر اور منیجر کے انتخاب میں کمیٹی کے اراکین نے حصہ لیا۔ 24 رکنی کمیٹی کے اراکین نے مرزا غالب انٹر کالج کا منیجر اور صدر بہ ذریعہ ووٹنگ پدم شری انور جلالپوری کے بڑے بیٹے محمد شہریار (شہریار جلالپوری) کو منتخب کیا۔ اس سے قبل پچاس برسوں سے اتفاق رائے سے منیجر چن لیا جاتا تھا لیکن اس مرتبہ منیجر کے عہدے کے لئے پہلے سے منیجر رہے شہریار جلالپوری کے علاوہ ایک اور رکن شبّیر حسین سابق صدر شعبہ اردو پروپا آشرم پی جی کالج نے بھی اپنے کو امیدوار پیش کر دیا ایسے میں محکمہ تعلیم کی طرف سے موجود انتخاب آفیسر رنجنا دیوی نے ووٹنگ کرانے کا فیصلہ کر کے ووٹنگ کی ہدایت دی۔ کل موجود 24 اراکین نے ووٹنگ میں حصّہ لیا جس میں شہریار جلالپوری 13 ووٹ حاصل کر کے کامیاب ہوئے اور شبّیر حسین کو صرف 10 ووٹ حاصل ہوئی جس سے شبیر حسین کی شکست ہوئی، ایک رکن نے کسی کی حمایت میں ووٹ نہیں کیا۔ شہریار جلالپوری نے کامیابی حاصل کرنے کے بعد کمیٹی کے دیگر عہدیداروں کو اتفاقِ رائے سے نامزد کیا جس میں ڈاکٹر عباس مہدی نائب منیجر، اظہر حسین سکریٹری اور غلام اصغر خازن نامزد ہوئے۔

اسٹیٹ یونانی میڈیکل کالج ہمت گنج میں ورکشاپ کا دوسرا دن

مختلف طبی کالجوں کے پوسٹ گریجویٹ گائڈس وریسرچ اسکالرز کی شمولیت

پریاگ راج (ایس این بی) نیشنل کونسل فار انڈین سسٹم آف میڈیسن NCISM نئی دہلی کے اشتراک سے یہاں ہمت گنج میں واقع اسٹیٹ یونانی میڈیکل کالج وہسپتال کے آڈیٹوریم میں سائنٹفک رائٹنگ - تحقیقی دیانتداری اور اشاعتی اخلاقیات کے موضوع پر سہ روزہ ورکشاپ کے دوسرے دن منگل کو آٹھ نشستوں کا انعقاد کیا گیا جن میں ملک کے مختلف طبیہ کالجوں کے 60 پوسٹ گریجویٹ گائیڈ کے علاوہ کالج کے اساتذہ و پی جی اسکالرز نے شمولیت کی اس موقع پر زیڈ وی ایم یونانی میڈیکل کالج کے ڈاکٹر ذاکر علی مقبول احمد خان تحقیقی مضامین کے لازمی اصول اور اوریجنل ڈرگ ریسرچ آرٹیکل کے ڈرافٹنگ کے طریقے پر علمی لکچر دیا جب کہ تیسرے چوتھے شیشنوں میں سری نگر جموں وکشمیر کے ریجنل ریسرچ آف یونانی میڈیسن کے ڈاکٹر محمد شیراز نے لٹریری ریسرچ آرٹیکل کے ڈرافٹنگ کے اصول ودیگر موضوعات پر مفصل روشنی ڈالی اسی طرح پانچویں وچھٹی نشستوں میں کالج کے پرنسپل وینگ سائنٹسٹ ایوارڈ یافتہ ڈاکٹر وسیم احمد نیر پورٹنگ کے رہنما اصول اور ریویو پیپر لکھنے کے طریقے موضوعات پر بیش قیمتی لکچرس دے کر اسکالرز کی معلومات میں اضافہ کیا - ساتویں واٹھویں نشستوں میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اجمل خاں طبیہ کالج کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر فہمیدہ زینت نے کیس رپورٹ کے علاوہ تحقیقی دیانتداری و اشاعتی اخلاقیات اور سائنسی بدانتظامی کے موضوعات پر فکرانگیز خیالات پیش کیے اس دوران ماسٹر ٹرینرز کو توصیفی اسناد و نشان یادگار سے سرفراز کیا گیا

فائرنگ معاملہ: کلیدی ملزم کے ہوٹل پہنچی بی ڈی اے و پولیس ٹیم

بریلی (ایس این بی) پلاٹ پر قبضہ کرنے کی غرض سے کی گئی فائرنگ کے فرار چل رہے کلیدی ملزم راجیورانا کے ہوٹل پر پہنچ کر آج بی ڈی اے کی ٹیم اور پولیس نے ہوٹل کی پیمائش کرائی ہے۔ اس کارروائی سے لگ رہا ہے کہ ملزم کے ہوٹل کو منہدم کرنے کی کارروائی جلد عمل میں لائی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ 23 جون کی صبح پیلی بھیت بائی پاس واقع ایک پلاٹ پر قبضہ کرنے کیلئے 100 راؤنڈ گولی چلائی گئی تھی اور پلاٹ پر رکھے لاکھوں روپے کے ماربل کو تہس نہس کر دیا گیا تھا اور توڑ پھوڑ کرنے کیلئے لائی گئی جے سی بی مشینوں میں آگ بھی لگا دی گئی تھی۔ اس سنگین واردات کی وجہ سے نہ صرف شہر تھرا گیا تھا بلکہ فوری طور پر اس کی گونج لکھنؤ تک پہنچ گئی تھی۔ اسی لئے حکومت نے معاملہ کی رپورٹ بھی طلب کی تھی۔ ایس ایس پی نے واردات کے فوراً بعد انسپکٹر عزت نگر سمیت سات، پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا تھا۔ اس کے علاوہ تھانہ عزت نگر میں راجیورانا، آدتیہ اپادھیائے، للت سکسینہ اور ہسٹری شیٹر کے پی یادو سمیت 50 سے زائد لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے اور ڈیڑھ درجن لوگوں کو ابھی تک حراست میں لیا جا چکا ہے۔ پولیس اور بی ڈی اے کی ٹیم نے آج راجیورانا کے ہوٹل سٹی اسٹار پر پہنچ کر ہوٹل کی پیمائش کرائی ہے اور ہوٹل کے مالکانہ کاغذات بھی طلب کئے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ہوٹل پارک کی زمین پر بنایا گیا ہے۔ اس ہائی پروفائل معاملہ میں بھاجپا کے دو مقامی لیڈران کے نام بھی سامنے آ رہے ہیں۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بی ڈی اے ہوٹل کو منہدم کرنے کیلئے نوٹس جاری کرنے کی بھی تیاری کر رہا ہے۔

پرم ویر چکر فاتح شہید ویر عبدالحمید کا یوم پیدائش یکم جولائی کو

شاہجہانپور (ایس این بی) سماجی تنظیم انجمن ادریسیہ اور ویر عبدالحمید شہید میموریل کمیٹی کے زیرِ اہتمام فخرِ قوم پرم ویر چکر فاتح شہید ویر عبدالحمید کا یوم پیدائش یکم جولائی کو صبح 9 بجے ملٹری ڈپو روڈ، ویر عبدالحمید پارک، کینٹ میں منایا جائے گا۔ یہ اطلاع انجمن کے ضلع صدر محبوب حسین ادریسی نے دیتے ہوئے بتایا کہ شہید ویر عبدالحمید کو مکمل سادگی سے خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

ہدایت ونصیحت کا قوی ترین ذریعہ ہے قرآن مجید

قرآن مکمل، شفا اور بنی نوع انسان کے لیے رحمت: مولانا محمد عرفان ثاقب قاسمی

سالم انصاری

شاملی (ایس این بی) قرآن کریم نصیحت کا قوی ترین ذریعہ ہے۔ کتاب ہدایت ہے۔ شفا ہے اور بنی نوع انسان کے لیے رحمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار ادارہ تحقیقات شرعیہ کے ڈائریکٹر مولانا محمد عرفان ثاقب قاسمی نے قصبہ جھنجھانہ کے مدرسہ دارالعلوم فاروقیہ میں 10 سالہ محمد حماد کے قرآن کریم مکمل ہونے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں کیا۔ انہوں نے کہا قرآن شریف دلوں کے لیے شفا بھی ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت اور اس پر عمل کرنے سے دل کی بیماریاں حسد کینہ اور بغض و کبر جڑ سے ختم ہو جاتی ہیں۔ قران مجید سے روحانی بالیدگی حاصل ہو جاتی ہے اور زنگ آلود قلوب کا تصفیہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا یہ واحد کتاب ہے جس کے پڑھنے اور زبانی یاد کرنے کے لیے عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ کوئی بھی کلمہ گو اس مقدس کتاب کو کسی بھی عمر میں حفظ کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا نونہالان ملت کم عمری میں ہی اس کتاب کو اپنے سینہ میں محفوظ کر لیتے ہیں۔ اس کی ہزاروں لاکھوں مثالیں اس دنیا میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا قرآن کریم اس درجہ تواتر اور تسلسل کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے کہ آج ہم کہہ سکتے ہیں یہ وہی کتاب ہے جس کو حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ نے جمع وترتیب کے لحاظ سے آخری شکل دی تھی۔ اس کتاب کے ہر دور میں لاکھوں کروڑوں حفاظ کرام موجود ہوتے ہیں۔ اس طرح یہ کتاب سینہ بہ سینہ ہم تک پہنچی ہے۔ یہ خالق کا کلام ہے۔ جس کی حفاظت کا وعدہ خود اللہ نے کر رکھا ہے۔ ادارہ کی مہتمم مولانا محمد مقیم رشیدی نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور کہا یہ ادارہ ابھی ابتدائی مرحلہ میں ہے۔ جو اپنا علمی سفر عارف باللہ حضرت مولانا محمد خالد قاسمی گنگوہی کی سرپرستی میں پورا کر رہا ہے۔ قبل ازیں مولانا بلال احمد مفتاحی نے قرآن کریم کی آخر کی چند سورتیں سن کر حافظ حماد کا کلام پاک مکمل کرایا۔ ادارہ کے معلم قاری مہتاب نیحا ضرین کا شکریہ ادا کیا۔

تاجر کا دن دہاڑے گولی مار کر قتل، بدمعاش فرار

فائرنگ کی آواز سن کر لوگ موقع پر جمع، سر میں ایک سے زیادہ داغی گئیں گولیاں

منڈی سے گھر جاتے وقت راستے میں روک کر بد معاشوں نے دیا واردات کو انجام

زبیر شاد

بلند شہر (ایس این بی) بلند شہر میں موٹر سائیکل سوار بدمعاشوں نے دن دہاڑے آلو کا کاروبار کرنے والے ایک تاجر کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ واردات کے بعد بدمعاش پستول لہراتے ہوئے فرار ہو گئے۔ گولی کی آواز سن کر لوگ موقع پر جمع ہو گئے۔ تاجر کی لاش خون میں لت پت پڑی تھی۔ اطلاع پر پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے آس پاس کے لوگوں سے معاملے کی معلومات لینے کے بعد لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔

موصولہ اطلاع کے مطابق قصبہ اورنگ آباد کے رہنے والے آلو تاجر فخرو منگل کو بلند شہر میں واقع نوین منڈی گئے تھے۔ وہ دوپہر میں وہاں سے ڈیڑھ لاکھ روپے لے کر گھر لوٹ رہے تھے۔ اسی دوران کوتوالی دیہات علاقہ کے موضع موسم گڑھ کے قریب موٹر سائیکل پر سوار دو بدمعاش آئے اور انھیں روک کر بات چیت کی۔ ذرائع کے مطابق بات کرنے کے دوران اچانک ایک بد معاش نے ان پر طمنچے سے فائرنگ شروع کر دی۔ فائرنگ کے دوران گولی لگتے ہی فخرو زمین پر گر گئے۔ اس کے بعد بدمعاش پستول لہراتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب رہے۔ بتایا گیا ہے کہ موٹر سائیکل سوار بدمعاشوں نے تاجر کے سر میں ایک سے زیادہ گولیاں ماری ہیں۔ دن دہاڑے ہوئی سنسنی خیز واردات کی اطلاع سے محکمہ پولیس میں کھلبلی مچ گئی۔ آنا فانا میں پولیس موقع پر پہنچی اور اہل خانہ سمیت آس پاس کے لوگوں سے معلومات حاصل کیں۔ ایس پی سٹی شنکر پرساد نے بتایا کہ آلو کاروباری کا گولی مار کر قتل کیا گیا ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیجا گیا ہے، پولیس پورے معاملے کی تحقیقات میں مصروف ہے۔ آس پاس کے سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کو بھی چیک کیا جا رہا ہے۔ قتل کس وجہ سے کیا گیا ہے اس کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔ قاتلوں کا سراغ لگا کر انھیں جلد گرفتار کیا جائے گا۔

قتل کی بابت جانکاری دیتے ایس پی سٹی شنکر پرساد اور متوفی فخرو کی فائل تصویر……(تصاویر: ایس این بی)

SHANKER PRASAD

نوجوان جو وقت موبائل پر ضائع کرتے ہیں وہ تعلیم پر خرچ کریں: شباہت میاں

مدرسہ قادریہ رکھی پوروہ پلیا کلاں کا سالانہ جشن دستار بندی

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) مدرسہ قادریہ رکھی پوروہ پلیا کلاں کا 43 واں سالانہ جشن دستار بندی جلسہ انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد ہوا - جلسہ کا آغاز قران شریف کی تلاوت سے کیا گیا - سید قاری اعجاز احمد اور نوری جامع مسجد کے نائب امام قاری سید خالد کی سرپرستی میں ہونے والے جلسہ میں نعت خواں وشعرائے کرام نے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں نعتیہ کلام پیش کیا - اس موقع پر سید عادل میاں مدھیہ پردیش، مفتی احسان میاں قادری بریلی شریف، سید شباہت میاں سنبھل، شاعر اسلام فہیم اختر بریلی شریف سمیت علمائے کرام وشعرائے کرام شامل ہوئے - سید عادل میاں نے دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عصری تعلیم پر بھی زور دیا - سید شباہت میاں نے نوجوان لڑکے لڑکیوں کو پیغام دیا کہ نوجوان جو وقت موبائل پر ضائع کرتے ہیں وہ وقت اپنی تعلیم پر خرچ کریں - انہوں نے کہا کہ آپ اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کے ہاتھوں میں موبائل نہ دیں - اس سے ان کا مستقبل خراب ہو رہا ہے - سید شباہت میاں نے حالات حاضرہ میں مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے اس موضوع پر بھی روشنی ڈالی - جلسہ کا اختتام صلوۃ وسلام اور دعا کے ساتھ ہوا - اس موقع پر پلیا شہر اور آس پاس علاقے کی تمام مساجد کے ائمہ کرام اور سیکڑوں کی تعداد میں سامعین شامل ہوئے -

دو موٹر سائیکلوں میں ٹکر، ایک ہلاک، تین زخمی

سرائے خواجہ تھانہ حلقہ کے موڑیلا موڑ کے قریب پیش آیا حادثہ

جون پور (ایس این بی) سرائے خواجہ تھانہ حلقہ کے موڑیلا موڑ کے قریب پیر کی رات دو بائک کے درمیان تصادم میں ایک نوجوان کی المناک موت ہوگئی اور تین افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج کر کاروائی شروع کر دی ہے۔

اطلاع کے مطابق موڑیلا گاؤں کا رہنے والا راجیش بند کا 24 سالہ بیٹا پنکج بند اپنے دوست اجیت بند 19 ولد راجیش بند کے ساتھ ملحقہ پکڑی گاؤں میں پیر کی رات منعقد تیرہی میں شامل ہونے جا رہا تھا۔ جیسے ہی وہ موڑ کے قریب پہنچا تو سامنے سے آنے والی موٹر سائیکل سے زبردست تصادم ہو گیا جس کی وجہ سے جب لوگ اسے علاج کے لیے ضلع اسپتال لے گئے تو راستے میں ہی پنکج کی موت ہوگئی۔

گاؤں والوں نے پولیس کو واقعے کی اطلاع دی تو پولیس نے موقع پر پہنچ کر دونوں موٹر سائیکلوں کو قبضے میں لے لیا۔ زخمی موٹر سائیکل سواروں کو حراست میں لے کر پوچھ گچھ کی گئی تو ان کی شناخت کھیتا سرائے تھانہ حلقہ کے رودولی گاؤں کے رہنے والے سمیر 20 ولد وسیم احمد اور دوسرے کی شناخت اخلاق 22 ولد ناصر کے طور پر ہوئی۔ پولیس زخمیوں کو علاج کے لیے ضلع اسپتال میں داخل کراتے ہوئے کاروائی میں لگ گئی ہے۔

’اشتعال انگیز‘ بیان دینے کے الزام میں محمد اسحاق پر مقدمہ درج

علی گڑھ (ایس این بی) علی گڑھ کے ماموں بھانجا علاقے میں ہوئے ہجومی تشدد معاملے میں سیاسی مداخلت، متاثرین کو انصاف اور ملزمین کی گرفتاری کے مطالبات کے درمیان اب ضلع انتظامیہ نے بھی کارروائی شروع کر دی ہے ہجومی تشدد کا شکار ہوئے محمد فرید عرف اورنگ زیب کی تدفین سے قبل سماجوادی پارٹی کے سابق شہر صدر محمد اسحاق عرف اجو کے ذریعہ دیے گئے بیان کہ جب تک ملزموں کے خلاف کارروائی نہیں ہوتی تب تک تدفین نہیں ہوگی پر پولیس نے بھڑکاؤ بیان دینے کا مقدمہ قائم کیا ہے، اجو علی گڑھ کول اسمبلی حلقہ سے دو مرتبہ الیکشن بھی لڑ چکے ہیں، وہیں سبزی منڈی چوراہے پر محمد فرید کی حمایت میں جمع ہوئی بھیڑ میں سے پتھر پھینکنے کے الزام میں سرتاج ولد لالے خان ساکن سرائے بی بی کھائی ڈورا علی گڑھ کو گرفتار کیا گیا ہے، جس کے بعد گزشتہ روز آر ایس ایس کے دفتر میں بی جے پی، کاروباری فریق، ملزم فریق اور کچھ لوگوں کے ساتھ میٹنگ ہوئی تھی۔ میٹنگ میں آر ایس ایس (سنگھ) کے عہدیدار بھی موجود تھے۔ اس معاملے پر ان عہدیداروں کی سطح سے آواز اٹھائی گئی تھی اس کے بعد سے ہی پولیس نے کارروائی کو انجام دینا شروع کیا ہے جس کے بعد تھانہ بنّا دیوی پولیس کے تحت چوکی انچارج ملکھان سنگھ نے اجو اسحاق کے خلاف بنّا دیوی تھانہ میں مقدمہ درج کیا ہے، جس میں متنازع بیانات دے کر انتشار پیدا کرنے سے متعلق دفعات لگائی گئی ہیں۔

غور طلب ہے کہ ابھی تک پولیس نے قتل کے ملزم تاجروں کی طرف سے دی گئی شکایت پر مقدمہ درج نہیں کیا ہے۔ یہ شکایت ایس ایس پی کی رہائش گاہ پر کاروباری یونین کے دفتر میں ہونے والی میٹنگ کے بعد بھیجی گئی تھی۔ اس شکایت میں لکھا ہے کہ اورنگزیب اور اس کے ساتھی لوٹ مار کے لیے گھر میں داخل ہوئے تھے۔ ڈکیتی کے دوران اہل خانہ کو ہتھیاروں سے ڈرایا اور خواتین کے ساتھ بدفعلی کی۔ پولیس کو یہ شکایت شام دیر گئے موصول ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ تحریر پر پولیس مقدمہ درج کرنے کے کا سوچ رہی ہے۔ اس تحریر میں مقدمات کی دفعات کو تبدیل کرنے اور کچھ کے نام نکال کر انہیں بری کرنے سے متعلق معاملات پر بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ جس پر پولیس کی سطح سے تاحال کوئی ردِعمل سامنے نہیں آیا ہے، وہیں علی گڑھ کے ایس ایس پی سنجیو سمن نے بتایا کہ اس معاملے میں قتل کے ملزم کے گھر میں گھسنے سے متعلق واقعہ میں جیل میں بند تاجر کے اہل خانہ سے ایک نئی شکایت موصول ہوئی ہے اور متنازع بیان دینے پر ایس پی رہنما اجو اسحاق کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

عقیدت مندوں سے بھری بس ڈیوائیڈر سے ٹکرائی، 12 افراد زخمی

میرٹھ (ایس این بی) پرتاپور تھانہ علاقہ میں NH-58 پر آج صبح ایک خوفناک حادثہ پیش آیا۔ یہاں عقیدت مندوں کو لے جانے والی ایک بس بے قابو ہو کر ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی۔ پرتاپور تھانہ علاقہ میں NH-58 پر آج صبح ایک خوفناک حادثہ پیش آیا۔ یہاں عقیدت مندوں کو لے جانے والی ایک بس بے قابو ہو کر ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی۔ حادثہ میں کئی عقیدت مند شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرایا۔ بتایا گیا کہ عقیدت مند سیاحوں کی بس سے ہریدوار سے دہلی جا رہے تھے۔ اسی دوران میرٹھ میں بس حادثے کا شکار ہوگئی۔ دوسرے واقعہ میں لاوڈ روڈ پر واقع کالی ندی کے پل پر کوئلے سے لدے ٹرک کا اگلا ٹائر اچانک پھٹ گیا، جس کی وجہ سے ڈرائیور اپنا توازن کھو بیٹھا۔ ٹرک پل کی ریلنگ توڑ کر پل پر لٹک گیا۔ خوش قسمتی تھی کہ ٹرک نیچے نہیں گرا ورنہ بڑا حادثہ ہو سکتا تھا۔ گڑھ مکتیشور کا رہنے والا ظرافت منگل کو کوئلے سے بھرا 14 ٹائر ٹرک لے کر گڑھ مکتیشور سے مظفر نگر سلور ٹون فیکٹری جا رہا تھا۔ ڈرائیور کے ساتھ کنڈکٹر کنور پال، شاہجہاں پور، کٹھور کے رہنے والے، مزدور پردیپ، راجو اور مشاہد تھے۔ ٹرک میں کوئلہ بھرا ہوا تھا۔ جیسے ہی لاوڑ روڈ پر دریائے کالی کے قریب پہنچا تو اچانک ٹرک کا اگلا ٹائر پھٹ گیا۔ ٹرک اوور لوڈ ہونے کی وجہ سے ڈرائیور کنٹرول کھو بیٹھا اور ٹرک بے قابو ہو گیا۔ ٹرک دریائے کالی پل پر سائیڈ ریلنگ توڑ کر آدھا لٹک گیا۔ ٹرک کے لٹکتے ہوئے ڈرائیور سمیت سب کی سانسیں اٹک گئیں لیکن سب نے ہمت نہیں ہاری اور جان بچانے کے لیے چھلانگ لگا دی۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور معاملے کی جانکاری حاصل کی۔ ٹرک اوور لوڈ ہونے کی وجہ سے چھوٹی کرین کامیاب نہ ہو سکی۔ پولیس نے ٹرک کو ہٹانے کے لیے بڑی کرین طلب کر لی ہے۔ پل پر کچھ راستہ رہ جانے کی وجہ سے دونوں اطراف سے آنے والی گاڑیاں ایک ایک کر کے گزر رہی ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ شام تک ہی صورتحال معمول پر آئے گی۔

سانپ کے ڈسنے سے خاتون کی موت

گنگوہ (ایس این بی) گھر کے اندر سانپ نے ڈسنے والی خاتون کو نہ تو سرکاری اسپتال بچا سکا اور نہ ہی جادوگروں نے۔ اہل خانہ نے اس کی آخری رسومات ادا کر دی۔ کوتوالی کے تحت پاکھان پور گاؤں کی رہنے والی 50 سالہ راج کماری بیوی جبار سنگھ کو پیر کی صبح گھر میں پوجا کرتے ہوئے سانپ نے کاٹ لیا۔ جیسے ہی سانپ کے کاٹنے کا پتہ چلا، اہل خانہ اسے بغیر کسی تاخیر کے گنگوہ سی ایچ سی لے گئے، جہاں اسے ضلع اسپتال ریفر کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اس کے بعد گھر والے جادوگروں کے معاملے میں الجھ گئے، لیکن عورت کی حالت بدستور خراب ہوتی جا رہی تھی، جس کی وجہ سے منگل کی صبح خاتون کی موت ہوگئی۔ اہل خانہ نے بغیر کسی کارروائی کے متوفی کی تدفین کر دی۔ خاتون کی اچانک موت سے پورا خاندان غمزدہ ہے۔